# کیا غزوۂ ہند میں شامل ہونے والی فوجیں، حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے لشکر میں شامل ہوں گی؟

دار الافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

کیا غزوۂ ہند میں شامل ہونے والی فوجیں حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے لشکر سے ملیں گی؟ اس بارے میں کوئی حدیث موجود ہو، تو رہنمائی کر دیجئے؟

## جواب

بِسْمِ اللہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِکِ الْوَھَّابِ اَللّٰھُمَّ ھِدَایَۃَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

بعض روایات میں ہے کہ غزوۂ ہند کرنے والے مجاہدین جب فتح یاب ہو کر واپس آئیں گے تو شام میں حضرت سیدنا عیسیٰ علیٰ نبینا وعلیہ الصلوٰۃ والسلام کو پائیں گے، چنانچہ الفتن لنعیم بن حماد میں سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ واٰلہ وسلم نے ارشاد فرمایا: ”لیغزون الهند لكم جيش، يفتح الله عليهم حتى ياتو بملوكهم مغللين بالسلاسل، يغفر الله ذنوبهم، فينصرفون حين ينصرفون، فيجدون ابن مريم بالشام“ یعنی ضرور تمہارا ایک لشکر ہندوستان کا جہاد کرے گا، اللہ ان مجاہدین کو فتح عطا کرے گا حتی کہ وہ ان کے بادشاہوں کو بیڑیوں میں جکڑ کر لائیں گے، اللہ ان مجاہدوں کے گناہوں کی مغفرت فرما دے گا پھر جب مسلمان واپس جائیں گے تو شام میں حضرت عیسیٰ ابن مریم کو پائیں گے۔ (الفتن لنعیم بن حماد، حدیث 1236، ج 1، ص 409، القاھرۃ)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

**مجیب:** مولانا محمد کفیل رضا عطاری مدنی

**فتویٰ نمبر:** Web-2290

**تاریخ اجراء:** 22 ذوالقعدۃ الحرام 1446ھ/20 مئی 2025ء